Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · BAGHDAD

Mosque of Burasa

مسجد براثا

Masjid-e-Burasa is situated on the road between al-Kazimiyyah and Baghdad, Burasa Mosque (Masjid Burasa) is one of the most famous and blessed mosques. Although the visitors of the holy shrines pass by this mosque, they are unfortunately unaware of this holy place and the great standing and merit that it enjoys.

واضح ہو کہ مسجد براثا ایک مشہور اور بابرکت مسجد ہے جو بغداد اور کاظمین کے درمیان زائرین کے راستے میں واقع ہے لیکن اکثر زائرین اس کے فیض و برکت سے محروم رہ جاتے ہیں حالانکہ اس کے بہت سے فضائل و خصوصیات منقول ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

In his book of Mu'jam al-Buldan, al-Hamawi, one of the historians of the seventh century, says: Burasa is a district situated in the Karkh side of Baghdad to the south of Bab Mihwal. It had one mosque in which the Shi'ah used to offer prayers. However, this mosque was demolished to the ground. Before the reign of al-Razi billah the 'Abbasid ruler, a group of the Shi'ah used to meet in this mosque and revile at the Sahabah (the companions of the Prophet)! So, al-Razi attacked this mosque, arrested those whom he found there, put them in prison, and demolished the mosque to the ground. The Shi'ah informed the Emir-in-chief of Baghdad of this matter. So, he ordered to rebuild, expand, and strengthen the building of this mosque. He also inscribed the name of al-Razi on the front part of the mosque. Prayers were performed and offered in this mosque up to the year 450 or after that. However, this mosque was deserted up to now.

سہ ۶۰۰ھ کے مورخین میں سے حموی نے معجم البلدان میں لکھا ہے کہ براثا بغداد کا ایک محلہ تھا جو باب محول کے جنوب میں واقع تھا اور محلہ کرخ سے قبلہ کی جانب تھا۔ اس میں شیعوں کی ایک مسجد تھی جس میں وہ نماز پنجگانہ ادا کرتے تھے تاہم بعد میں وہی مسجد غیر آباد ہو گئی عباسی خلیفہ راضی باللہ کے زمانے سے پہلے شیعہ یہاں جمع ہوتے اور تبرا کرتے تھے یہاں تک کہ راضی باللہ کے حکم سے فوجیوں نے اس مسجد پر حملہ کر دیا اور جسے وہاں پایا گرفتار کر لیا اور قید میں ڈال دیا اور مسجد کو گرا کر زمین کے برابر کر دیا شیعوں نے اس واقعہ سے بغداد کے حاکم بحکم ماکانی کو آگاہ کیا تو اس نے حکم دیا کہ اس مسجد کو وسیع و مضبوط شکل میں دوبارہ تعمیر کیا جائے چنانچہ مسجد تعمیر ہو گئی اور اس نے اس کے صدر دروازے پر خلیفہ راضی باللہ کا نام نقش کرا دیا، اس وقت سے لے کر سہ ۴۵۰ھ تک یہ مسجد آباد رہی اور اس میں نماز با جماعت ادا کی جاتی تھی لیکن سہ ۴۵۰ھ کے بعد یہ مسجد پھر مسمار و غیر آباد ہو گئی (آج کل یہ مسجد عالی شان عمارت کے ساتھ دوبارہ تعمیر ہو چکی ہے شیعہ مسلمانوں نے اسے اچھی طرح آباد کیا ہوا ہے اور بہت سے زائر وہاں جا کر اعمال بجا لاتے ہیں)۔

Before the construction of Baghdad, Burasa was a village by which (Imam) Ali is claimed to have passed by on his way to fighting the Haruriyyah (ie. al-Khawarij) in the famous battle of al-Nahrawan. It is also claimed that he offered a prayer in that mosque and entered a public bath in that village.

براثا شہر بغداد کے آباد ہونے سے پہلے ایک گاؤں تھا جس کے بارے میں لوگوں کا گمان ہے کہ خوارج سے جنگ کے لئے نہروان جاتے ہوئے امیر المؤمنینؑ یہاں سے گزرے اور آپ نے اس مسجد میں نماز ادا فرمائی نیز اس آبادی کے حمام میں آپ نے غسل بھی کیا تھا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

To this village, Abu-Shu'ayb al-Burasi is ascribed. A famous worshipper, this man was the first to reside in Burasa in a cottage, which he used for doing acts of worship. One day, a daughter of rich and worldly people who was brought up in palaces passed by him and liked his lifestyle. So, she became fond of him and offered him to accept her as a servant. He accepted on condition that she would deprive herself of her appearance, leave her previous lifestyle, and dress herself with the costume of ascetics so that she would be fit enough to imitate his lifestyle.

مقام براثا ابو شعیب براثی سے منسوب ہے جو ایک عابد وزاہد شخص تھے اور وہی پہلے شخص ہیں جو براثا میں ایک جھونپڑی ڈال کر یہاں سکونت پذیر ہوئے اور اپنے آخری وقت تک یہاں عبادت کرتے رہے۔ ایک بہت ہی دولت مند شخص کی بیٹی جو عالی شان محلوں میں پلی بڑھی تھی، وہ اس جھونپڑی کے پاس سے گزری تو اسے ابو شعیب کی یہ حالت و کیفیت بڑی پسند آئی اور ان کی محبت اس کے دل میں بیٹھ گئی کہ وہ ان کی محبت کی اسیر ہوکر ان کے قریب آبیٹھی اور کہنے لگی: میں آپ کی خدمت میں رہنا چاہتی ہوں! انہوں نے کہا: میں تجھے اس شرط پر قبول کرتا ہوں کہ اپنی اس موجودہ شان وشوکت کو ترک کردے۔

She therefore dispossessed herself of everything, put on the costume of ascetics, and came to him. He married her, but when she entered his cottage, she noticed a mat on which he would sit to protect him from dew. She said, "I will not live with you before you take this leaf out, because I heard you saying, 'The earth says to the son of Adam (ie. human being): You set up a screen between you and me; but in the morrow, you will find yourself in my interior.'" So, Abu-Shu'ayb threw out that leaf and his wife remained with him for years sharing him in the best acts of worship. They both kept on this manner until they passed away.

لہذا اس نیک بخت خاتون نے اس بات کو منظور کرتے ہوئے عبادت گزاروں کا لباس اختیار کیا تو ابو شعیب نے اس سے نکاح کرلیا جب وہ خاتون جھونپڑی میں داخل ہوئی تو دیکھا کہ ابو شعیب نے نمی کے اثر سے بچنے کے لئے نیچے ایک چٹائی بچھا رکھی ہے وہ کہنے لگی: اگر آپ نے اس چٹائی کو اپنے نیچے سے ہٹا کر باہر نہ پھینکا تو میں آپ کے ساتھ نہیں رہوں گی کیوں کہ میں نے آپ ہی کی زبانی سن رکھا ہے کہ زمین کہتی ہے: اے آدم کے بیٹے! تو میرے اور اپنے درمیان حجاب ڈالتا ہے جب کہ کل کو تو میرے ہی اندر آنے والا ہے لہذا ابو شعیب نے وہ چٹائی اٹھا کر باہر پھینک دی پھر اپنی وفات تک اس نیک دل خاتون کے ساتھ بسر کرتے رہے اور اس عرصے میں وہ دونوں بہترین طریقے سے خدا کی عبادت کرتے رہے۔ یہاں تک کہ دونوں کی وفات ہوگئی۔

Free to read, copy and share

Masjid-e-Burasa is one of the blessed and famous mosques. It is situated between Baghdad and Kazmain on the route of the pilgrims. Many merits are related to this mosque...

مؤلف کہتے ہیں: ہم نے ہدیۃ الزائرین میں اس مسجد کے فضائل میں بہت سی روایتیں نقل کی ہیں اور یہ بھی لکھا ہے کہ ان اخبار وروایات سے اس مسجد کی ایسی بہت سی فضیلتیں معلوم ہوتی ہیں کہ اگر کسی مسجد میں یہ فضیلتیں پائی جائیں تو وہ اس لائق ہوجاتی ہے کہ انسان دور دراز کی مسافتیں طے کرکے اس مسجد میں نماز ودعا سے فیض یاب ہو اور یہ مسجد براثا درج ذیل بہت سی فضیلتیں رکھتی ہے۔

Allah has decreed that no chief would ever arrive here with an army except a prophet or his legatee.

خدا کی طرف سے یہ مقرر کیا گیا ہے کہ سوائے پیغمبر اور وصی پیغمبر کے کوئی اور بادشاہ لشکر کے ہمراہ اس سرزمین پر نہیں اترے گا۔

It is the house of Bibi Maryam (s).

حضرت مریم صدیقہؑ کے گھر کا اس جگہ واقع ہونا۔

It is the land of Prophet Isa (a).

یہ حضرت عیسیٰؑ کی سرزمین ہے۔

It is having the water spring that had burst forth for Bibi Maryam (s).

یہ وہی جگہ ہے جہاں بی بی مریمؑ کے لئے چشمہ ظاہر ہوا۔

This spring was rediscovered miraculously by Imam Ali (a).

اس چشمے کو امیر المؤمنینؑ کا دوبارہ ظاہر کرنا۔

It has the white stone on which Bibi Maryam (s) had laid down Prophet Isa (a).

یہاں ایک بابرکت سفید پتھر کا ہونا جس پر حضرت مریمؑ نے حضرت عیسیٰؑ کو لٹایا تھا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Imam Ali (a) miraculously removed the white stone and fixed it in the direction of the Qibla.

اسی پتھر کا امیر المؤمنینؑ کے معجزے سے دوبارہ نکالنا آپ کا اسے قبلہ کی سمت نصب کرنا اور اس کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنا۔

The praying of Imam Ali (a), Imam Hasan (a) and Imam Husain (a) there.

امیر المؤمنینؑ اور آپ کے دونوں فرزند امام حسنؑ و امام حسینؑ کا اس مسجد میں نماز ادا کرنا۔

Due to the holiness of this place, they stayed there for 4 days.

اس مقام کی بزرگی وتقدس کے پیش نظر امیر المؤمنینؑ کا یہاں چار دن تک ٹھہرنا۔

The praying of prophets, specially Ibrahim (a) there.

پیغمبروں کا یہاں نماز ادا کرنا اور خصوصاً حضرت ابراہیمؑ کا اس مسجد میں نماز پڑھنا۔

The presence of a prophet's grave there, might be Prophet Yusha (a).

یہاں ایک پیغمبر کی قبر کا واقع ہونا اور شاید وہ حضرت یوشعؑ کی قبر ہے کیوں کہ شیخ مرحوم کا ارشاد ہے: آپ کی قبر کاظمین کے باہر براثا کے سامنے ہے۔

It is the place where the sun returned for Imam Ali (a).

اسی مقام پر حضرت امیر المؤمنینؑ کے لئے سورج پلٹا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

> Unfortunately and strangely, the majority of visitors of the holy shrines in Iraq have been inattentive to visiting this holy mosque despite its sublime status and merits and its being the place where Divine signs and miracles of Imam Ali (a) were shown. Actually, this mosque is not situated in an isolated place where it is difficult to reach; rather, it is situated on the way that visitors take frequently on their way to the holy shrines. Perhaps, one of 1000 visitors may visit this place. It also happened that when a visitor comes to this mosque seeking the great reward of Almighty Allah that is decided for its visitors and finds its gate closed in his face unless he pays some money, he (the visitor) may be annoyed to pay, thus depriving himself of the great reward of the Lord. On the other hand, such visitor may pay much money for visiting the city of Baghdad and the edifices of the tyrants there or pay much more money for purchasing unnecessary means of living and dealing with the Jews of Baghdad to purchase their ill-omened and filthy goods, which have unfortunately been regarded as perfective parts of the journeys of the majority of visitors. It is Allah only Whose help is sought.

> اس مسجد کی اتنی فضیلتوں اوریہاں خدا کی اتنی نشانیوں کے ظہور پذیر ہونے اور اس مقام پر امیر المؤمنینؑ سے اس قدر معجزوں کے ظاہر ہونے کے باوجود معلوم نہیں کہ ہزاروں زائرین میں سے کوئی ایک اس مسجد میں جاتا ہو حالانکہ یہ ان کے راستے میں ہے اور وہ آنے جانے میں دو مرتبہ اس مسجد کے پاس سے گزرتے ہیں۔ اگر کوئی زائر اس مسجد سے فیض حاصل کرنے وہاں چلا جائے اور وہاں جاکر دروازۂ مسجد کو بند پائے تو دروازہ کھلوانے کے لئے تھوڑی سی رقم خرچ کرنے سے کتراتا ہے اور خود کو بہت سے فیوض وبرکات سے محروم رکھتا ہے لیکن بغداد اور اس میں واقع ظالموں کی بنائی ہوئی عمارتوں کی سیر کرنے اور نجس وناپاک لوگوں سے فضول چیزیں خریدنے کو اپنے سفرِ زیارت کا حصہ تصور کرتا ہے اور ان کاموں میں بے باکی سے مال خرچ کرتا ہے اللہ ہی نیکیوں کی توفیق دینے والا ہے۔

Ziyarat Masjid-e-Burasa

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMAD.

O Allah, send blessings upon Muhammad and the Household of Muhammad.

اے معبود! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ پر۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ وَقَفْتُ عَلٰى بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ بُيُوْتِ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَقَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ يَّدْخُلُوْا اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَقُلْتَ، يَاَاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ هٰذَا الْمَشْهَدِ الشَّرِيْفِ فِيْ غَيْبَتِهٖ كَمَآ اَعْتَقِدُهَا فِيْ حَضْرَتِهٖ وَاَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ وَخُلَفَآئَكَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَحْيَآءٌ عِنْدَكَ يُرْزَقُوْنَ يَرَوْنَ مَقَامِيْ وَيَسْمَعُوْنَ كَلَامِيْ وَيَرُدُّوْنَ سَلَامِيْ وَاَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِيْ كَلَامَهُمْ وَفَتَحْتَ بَابَ فَهْمِيْ بِلَذِيْذِ مُنَاجَاتِهِمْ۔ وَاِنِّيْ اَسْتَاذِنُكَ يَارَبِّ اَوَّلًا وَاَسْتَاذِنُ رَسُوْلَكَ ثَانِيًا وَّاسْتَاذِنُ خَلِيْفَتَكَ الْاِمَامَ الْمَفْرُوْضَ عَلَيَّ طَاعَتُهٗ وَالْمَلَّائِكَةَ الْمُوَكَّلِيْنَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ ثَالِثًا ءَاَدْخُلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ءَاَدْخُلُ يَاحُجَّةَ اللّٰهِ، ءَاَدْخُلُ يَامَلَّائِكَةَ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِيْنَ فِيْ هٰذَا الْمَشْهَدِ فَاَذَنْ لِيْ يَامَوْلَايَ فِي الدُّخُوْلِ اَفْضَلَ مَا اَذِنْتَ لِاَحَدٍ مِّنْ اَوْلِيَآئِكَ فَاِنْ لَّمْ اَكُنْ اَهْلًا لِّذٰلِكَ فَاَنْتَ اَهْلٌ لِّذٰلِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ALLAAHUMMA INNEE WAQAFTU 'ALAA BAABIN MIN ABWAABI BUYOOTI NABIYYIKA SALAWAATUKA 'ALAYHI WA-AALIHEE WAQAD MANA'TA AN-NAASA AN YADKHULOO ILLAA BI-IZNIHEE FAQULTA, YAA AYYUHAA ALLAZEENA AAMANOO LAA TADKHULOO BUYOOTA AN-NABIYYI ILLAA AN YU'ZANA LAKUM. ALLAAHUMMA INNEE A'TAQIDU HURMATA SAAHIBI HAAZAA AL-MASHHADI ASH-SHAREEFI FEE GHAYBATIHEE KAMAA A'TAQIDUHAA FEE HADRATIHEE WA-A'LAMU ANNA RASOOLAKA WAKHULAFAA'AKA 'ALAYHIMU AS-SALAAMU AHYAA'UN 'INDAKA YURZAQOONA YARAWNA MAQAAMEE WAYASMA'OONA KALAAMEE WAYARUDDOONA SALAAMEE WA-ANNAKA HAJABTA 'AN SAM'EE KALAAMAHUM WAFATAHTA BAABA FAHMEE BILAZEEZI MUNAAJAATIHIM. WA-INNEE ASTAAZINUKA YAA RABBI AWWALAN WA-ASTAAZINU RASOOLAKA THAANIYAN WASTAAZINU KHALEEFATAKA AL-IMAAMA AL-MAFROODA 'ALAYYA TAA'ATUHOO WAL-MALAA'IKATA AL-MUWAKKALEENA BIHAAZIHI AL-BUQ'ATI AL-MUBAARAKATI THAALITHAN A'ADKHULU YAA RASOOLA ALLAAHI, A'ADKHULU YAA HUJJATA ALLAAHI, A'ADKHULU YAA MALAA'IKATA ALLAAHI AL-MUQARRABEENA FEE HAAZAA AL-MASHHADI FAAZAN LEE YAA MAWLAAYA FEE AD-DUKHOOLI AFDALA MAA AZINTA LI-AHADIN MIN AWLIYAA'IKA FA-IN LAM AKUN AHLAN LIZAALIKA FA-ANTA AHLUN LIZAALIKA YAA ARHAMA AR-RAAHIMEEN.

O Allah, I have stood at one of the doors of the houses of Your Prophet may Your blessings be upon him and his family. You have forbidden people to enter except with his permission, for You said: “O you who believe! Do not enter the houses of the Prophet unless you are given permission.” O Allah, I believe that the sanctity of the master of this noble shrine in his absence is the same as in his presence, and I know that Your Messenger and Your successors, peace be upon them, are alive with You and given sustenance; they see my standing, hear my words, and return my greeting though You have veiled their speech from my hearing, and You have opened for me the understanding of the sweetness of speaking privately with them. So I seek Your permission, O Lord, first; and I seek the permission of Your Messenger second; and I seek the permission of Your successor the Imam whose obedience is obligatory upon me and (I seek the permission

Free to read, copy and share

of) the angels appointed over this blessed place, third: May I enter, O Messenger of Allah? May I enter, O Proof of Allah? May I enter, O near angels of Allah in this shrine? So grant me permission, O my master, to enter granting the best permission You have granted to any of Your friends. And if I am not worthy of that, then You are worthy of it, O Most Merciful of the merciful.

اے اللہ ! میں تیرے نبیؐ (تیری رحمتیں ہوں ان پر اور ان کی آل پر) کے گھروں کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر کھڑا ہوں۔ اور تو نے لوگوں کو اجازت کے بغیر داخل ہونے سے منع کیا ہے، جیسا کہ تو نے فرمایا: اے ایمان والو ! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر یہ کہ تمہیں اجازت دی جائے۔ اے اللہ ! میں یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ اس پاک روضے کے صاحب کی حرمت اُن کی غیبت میں بھی ویسی ہی ہے جیسے اُن کی موجودگی میں۔ اور میں جانتا ہوں کہ تیرے رسول اور تیرے خلفاء تیرے نزدیک زندہ ہیں، رزق پاتے ہیں، وہ میرا مقام دیکھتے ہیں، میری بات سنتے ہیں، اور میرے سلام کا جواب دیتے ہیں۔ لیکن تو نے ان کی باتیں میرے کانوں سے چھپا دی ہیں، اور میرے دل و سمجھ کے لیے ان کی میٹھی مناجات کا دروازہ کھول دیا ہے۔ پس میں سب سے پہلے تجھ سے اجازت مانگتا ہوں، اے میرے رب ! پھر دوسرے نمبر پر تیرے رسولؐ سے اجازت مانگتا ہوں، اور تیسرے نمبر پر تیرے خلیفہ، اُس امام سے (جس کی اطاعت مجھ پر لازم ہے) اور اُن فرشتوں سے جو اس بابرکت جگہ پر مقرر ہیں، اجازت مانگتا ہوں: کیا میں داخل ہوں، اے رسولِ خدا؟ کیا میں داخل ہوں، اے حجّتِ خدا؟ کیا میں داخل ہوں، اے اللہ کے مقرب فرشتو، اس مشہد میں؟ پس اے میرے مولا ! مجھے داخل ہونے کی اجازت دے ایسی بہترین اجازت جیسی تو نے اپنے اولیاء میں سے کسی کو دی ہو۔ اور اگر میں اس لائق نہ بھی ہوں، تو تو اس کا اہل ہے، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/mosque-of-burasa-3205 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.